# نیویارک شہر پبلک اسکولوں میں کیا ہورہا ہے

اعرض هذه الوثيقة باللغة العربية / এই নথি বা ডকুমেন্টটি বাংলায় দেখুন /
查看本文件的中文版 / Consultez ce document en français / Gade dokiman sa a an kreyòl ayisyen /
이 문서를 한국어로 보기 / Consulte este documento en español /
Перевод документа на русский язык /یہ دستاویز اردو میں ملاحظہ کریں

schools.nyc.gov/messagesforfamilies

## 27 ستمبر، 2021 والا ہفتہ

اسکول واپسی کے ہمارے پہلے دو ہفتوں کے جوش اور خوشی کے بعد، طلبا، عملہ، اور خاندانوں نے ہمارے نئے معمولات میں مطابقت اختیار کرلی ہے اور خود موجودگی کے تعلقات کو دوبارہ تعمیر کررہے ہیں ہم جسکی عدم موجودگی محسوس کررہے تھے۔ یہ ایک پُر جوش وقت ہے، لیکن ایک مصروف وقت بھی ہے۔ محکمئہ تعلیم کی خاندانوں کے لیے جدید معلومات سے یہ جانیں کہ آپ اپنے بچوں کو کس طرح محفوظ رکھ سکتے ہیں اور انکی تعلیمی کامیابی کی کس طرح اعانت کرسکتے ہیں، اور تازہ معلومات کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں: schools.nyc.gov/homecoming

## مندرجات:


- اہم تجدید برائے COVID-19 صحت اور حفاظت کے باضابطہ انتظامات
- تعلیمی کامیابی میں اعانت کرنا


## اہم تجدید برائے COVID-19 صحت اور حفاظت کے باضابطہ انتظامات

### کوارنٹین اور کلاس روم کا بند ہونا

پیر، 27 ستمبر سے شروع، مرکز برائے بچاو اور انسداد بیماری (CDC) کی تازہ ترین رہنمائی خطوط کے مطابق، اگر کلاس روم میں کوئی مثبت کیس ہوتا ہے تو ہم پورے کلاس روم کو بند نہیں کریں گے۔ بغیر ویکسین والے طلبا جو ماسک پہنے ہوں اور اس طالب علم سے کم از کم تین فٹ کے فاصلے پر رہے ہوں جسکا ٹیسٹ مثبت آیا ہے انہیں CDC کے رہنمائی خطوط کے مطابق قریبی رابطے میں نہیں سمجھا جاتا ہے اور انہیں کوارنٹین کرنا درکار نہیں ہوگا۔ اس نئی پالیسی کا اطلاق ہر گریڈ کے تمام طلبا پر ہوتا ہے۔

براہِ مہربانی schools.nyc.gov/2021health پر جائیں اضافی معلومات اور نیویارک شہر پبلک اسکولوں میں تعلیمی سال 22-2021 کے لیے صحت اور حفاظت کی پالیسیوں کی تازہ ترین خبروں کے لیے۔

### اسکولوں میں COVID19 کی ٹیسٹنگ

**پیر، 27 ستمبر** سے شروع، محکمئہ تعلیم تمام ایلیمنٹری، مڈل اور ہائی اسکولوں میں گریڈز 12-1 کے طلبا کے لیے بلاترتیب COVID-19 ٹیسٹنگ کو ہر دو ہفتے سے بڑھا کر **ہر ہفتے** کرے گا۔




T&I 33199 NYC DOE Family Update Week of September 27 2021 (Urdu)

ہمارے اسکولوں میں ہر ایک کو محفوظ رکھنے کے لیے ٹیسٹنگ انتہائی لازمی ہے، اور تمام طلبا کو حصہ لینا چاہیئے۔

**ہم صرف ان طلبا کو ٹیسٹ کرتے ہیں جنکے والدین نے اجازت فراہم کی ہے، اور ہم تمام خاندانوں کی تعلیمی سال 2021-22 کے لیے ایک جدید ترین ٹیسٹنگ اجازت فارم اپنے اسکول کو فراہم کرنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔** اگر آپ نے ابھی تک یہ اجازت نامہ جمع نہیں کروایا ہے، آپ ایسا دو طریقوں سے کرسکتے ہیں:

- فارم کو اپنا نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA) استعمال کرتے ہوئے مکمل کریں: schoolsaccount.nyc یا
- فارم آن لائن schools.nyc.gov/covidtesting پر ڈاون لوڈ کریں اور مکمل کردہ فارم اپنے بچے کے اسکول لائیں۔

## ویکسینیشن

نیویارک شہر ویکسین کمانڈ سینٹر اور محکمئہ صحت اور دماغی صحت (DOHMH) کی شراکت میں، تمام اسکول مقامات جو 12 سال یا زیادہ عمر کے طلبا کو خدمات فراہم کرتے ہیں، Pfizer-BioNTech ویکسینیشن اہل افراد کو 4-8 اکتوبر والے ہفتے میں پیش کررہے ہیں تاکہ ویکسین لگوانے اور محفوظ رہنے کو جتنا ممکن ہو آسان بنایا جاسکے۔ **اگر آپکے بچے نے COVID-19 ویکسین کی پہلی خوراک اسکول کے پہلے ہفتے کے دوران ایک اسکول سائٹ پر موصول کی تھی،** وہ ان جگہوں پر اپنی دوسری خوراک اکتوبر کے پہلے ہفتے میں موصول کرسکتے ہیں۔ افراد اپنی پہلی خوراکیں بھی ان جگہوں پر اس وقت موصول کرسکتے ہیں۔ وہ افراد جو ویکسین کی اپنی پہلی خوراک ایک اسکول سائٹ پر اکتوبر میں موصول کریں گے انہیں انکی دوسری خوراک کے لیے ایک مقامی فراہم کنندہ کا حوالہ دیا جائے گا۔

**ان سائٹس کے لیے کوئی طے شدہ وقت لینا درکار نہیں ہے۔** آپ سائٹ کے اوقات کے بارے میں اپنے اسکول سے مزید جان سکتے ہیں یا schools.nyc.gov/covid19 پر جائیں۔

ویکسین لگوانا اہم ترین قدم ہے جو آپ اپنے آپکو اور اپنے خاندان کو COVID-19 سے محفوظ رکھنے کے لیے لے سکتے ہیں، اور نیویارک کے تمام 12 سال اور زائد عمر کے افراد COVID-19 ویکسین لگوانے کے اہل ہیں۔ طلبا جو 12 سال اور زائد عمر کے ہیں اور زیادہ خطرے والے غیر نصابی کھیلوں اور دیگر زیادہ خطرے والی غیر نصابی سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہیں انہیں تعلیمی سال 2021-2022 کے دوران ان سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لیے ویکسین لگوانا **لازمی** ہے۔ مزید معلومات کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں: schools.nyc.gov/2021health

اگر آپکا کوئی بچہ ہے جو کم از کم 12 سال کا ہے اور مکمل طور پر ویکسین نہیں لگی ہے، DOHMH اور محکمئہ تعلیم آپکی پُرزور حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ ان کے لیے جتنی جلد ممکن ہو vaccinefinder.nyc.gov پر جاکر ویکسین لگوائیں۔ محکمئہ تعلیم ویکسینیشن کی جدید ترین معلومات کے لیے، schools.nyc.gov/covid19 پر جائیں۔

**ملاقاتیوں کے لیے اسکول پالیسی یاد دہانی:** تمام ملاقاتی جو ویکسین لگوانے کے اہل ہیں ان کو اسکول عمارت مِں داخل ہونے کے لیے COVID-19 ویکسینیشن کی کم از کم ایک خوراک کا ثبوت دکھانا لازمی ہے۔ ملاقاتیوں میں محکمئہ تعلیم کی عمارت میں اسکول میں شرکت کرنے والے طلبا شامل نہیں ہیں۔

**محکمئہ تعلیم (DOE) ویکسینیشن پورٹل**

اپنے بچے کی محکمئہ تعلیم اکاونٹ کی معلومات کو استعمال کرتے ہوئے، آپ اپنے بچے کے ویکسینیشن کارڈ یا این وائی سی ایکسلزئر پاس کی ایک تصویر محکمئہ تعلیم کے ویکسین پورٹل پر اپ لوڈ کرسکتے ہیں: vaccine.schools.nyc۔ اس معلومات کو جمع کروانے سے نیویارک شہر کو عالمی وبا کے سدِباب کرنے اور بحالی کی کوششوں میں معاونت ملے گی اور اسے یقینی بنانے میں مدد ملے گی کہ ہماری اسکول برادریاں محفوظ اور صحتمند جگہیں رہیں۔

## تعلیمی کامیابی میں اعانت کرنا

### حاضری

ہم طلبا کے لیے نیویارک شہر کے کلاس روم کھولنے پر فخرمند ہیں، اور ہماری اسکول برادریوں میں خوشی کو دیکھنا بہت اچھا رہا ہے جب طلبا اپنے اساتذہ اور کلاس ہمسروں سے دوبارہ ملے ہیں۔ کلاس روم ایک بہتر جگہ ہوتی ہے جب آپکا بچہ بذات خود اور اسکول میں ہوتا ہے۔ تحقیق یہ ظاہر کرتی ہے کہ بذاتِ خود شرکت طلبا کی آموزش اور انکی سماجی اور جذباتی بہبود میں گہرا فرق ڈالتی ہے۔ اگر آپکا بچہ اچھا محسوس کررہا ہے، براہِ مہربانی ہر کوشش کریں کہ وہ ہر روز اسکول آئیں۔

**ہر طالب علم، ہر دن!** اسکولوں کے لیے ہر روز حاضری لینا لازمی ہے تاکہ ہر طالب علم کی حاضری اور غیرحاضری کا شمار کیا جاسکے۔ اگر آپکا بچہ غیرحاضر ہے، آپکا اسکول اس دن گھر پر فون، ٹیکسٹ، یا ای میل کے ذریعے مثبت ابلاغ کرے گا۔ ہم جانتے ہیں کہ ہر روز اسکول آنا ہمیشہ آسان نہیں ہوتا ہے۔ ان فون کالز کے ذریعے، ہم آپکو آپکے بچے کی حاضری میں حائل رکاوٹوں کو ہٹانے میں گراں قدر مدد فراہم کرسکتے ہیں۔ آپ مدد کے لیے 311 سے بھی رابطہ کرسکتے ہیں۔ اپنے بچے کو اسکول بھیجنے میں ابھی تاخیر نہیں ہوئی ہے۔ ہم یہاں آپکی اعانت کے لیے موجود ہیں اور ملکر کام کریں گے۔

براہِ مہربانی اپنے اسکول کا فراہم کردہ کاغذی **ہنگامی صورت رابطہ فارم** کو مکمل اور واپس کرکے یا اپنے **نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ** میں اپنی معلومات کی تجدید کرکے اپنی درست رابطے کی معلومات کا اسکول کے ساتھ اشتراک کریں۔

آپکے اسکول کی حاضری کی پالیسی واضح کرتی ہے کہ کونسی غیر حاضری معافی شدہ اور کونسی غیر معافی شدہ ہے، اور ساتھ ہی تاخیر سے آمد، جلدی جانے، اور تلافی وقت کے بارے میں اسکول کے مخصوص قوائد۔ اس میں یہ بھی واضح ہوگا کہ ان دنوں میں حاضری کا شمار کس طرح کیا جائے گا جب ایک طالب علم کو کورانٹین کرنا پڑے گا یا برف باری کے دنوں میں گھر سے تعلیم حاصل کرے گا۔

مدد یا سوالات کے لیے، براہِ مہربانی اپنے اسکول کے پرنسپل یا والدین رابطہ کار سے رابطہ کریں۔ آپ attendance@schools.nyc.gov پر ای میل بھی کرسکتے ہیں۔

### کالج کے لیے مالی امداد

کیا آپ کو معلوم تھا؟ نیویارک شہر پبلک اسکولوں (بشمول حصہ لینے والے چارٹر اسکولز ) میں کنڈرگارٹن طلبا والے خاندان اب شہر پیما طور پر کالج کے لیے بچت کرنا (Save for College Program) پروگرام میں حصہ لینے کے اہل ہیں—انکی آمدنی یا نقل وطنی کی صورتِ حال سے قطع نظر۔

این وائی سی کِڈز رائز (NYC Kids RISE) کالج کے لیے بچت کرنا پروگرام خاندانوں، اسکولوں اور برادریوں کو بچت کرنے اور انکے بچوں کے مستقبل میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے ملکر کام کرنے کا طریقہ فراہم کرتا ہے۔ یہ وظیفے اور بچت کا پروگرام ہر بچے کو انکے تعلیمی مستقبل کے لیے مالی اثاثے فراہم کرکے پبلک اسکول کے طلبا کے لیے کالج اور پیشہ ورانہ تربیت کو زیادہ قابل رسائی بنانے کے لیے تشکیل دیا گیا ہے۔

ہم آپکی این وائی سی کِڈز رائز کے ساتھ ایک ورچوئل معلوماتی اجلاس میں شرکت کرنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں یہ جاننے کے لیے کہ پروگرام کس طرح کام کرتا ہے، آپکے بچے کے لیے مفادات، اور یہ کہ آپکا خاندان کس طرح حصہ لے سکتا ہے۔ رجسٹر ہوں: nyckidsrise.org/events

- بدھ، 6 اکتوبر، شام 6:00–7:30 (انگریزی براہِ راست، عربی اور مینڈرین ترجمانی)
- جمعہ، 8 اکتوبر، صبح 10:00–11:30 (ہسپانوی)
- منگل، 12 اکتوبر، شام 6:00–7:30 (انگریزی براہِ راست، عربی اور مینڈرین ترجمانی)
- بدھ، 13 اکتوبر، شام 6:00–7:30 (ہسپانوی)
- منگل، 19 اکتوبر، صبح 10:00 11:30 (انگریزی براہِ راست، عربی اور مینڈرین ترجمانی)
- بدھ، 20 اکتوبر، صبح 10:00 11:30 (ہسپانوی)
- پیر، 25 اکتوبر، صبح 10:00 11:30 (انگریزی براہِ راست، عربی اور مینڈرین ترجمانی)
- بدھ، 27 اکتوبر، شام 6:00–7:30 (بنگلہ)
- بدھ، 3 نومبر، صبح 10:00 11:30 (انگریزی براہِ راست، عربی اور مینڈرین ترجمانی)
- پیر، 8 نومبر، شام 6:00–7:30 (ہسپانوی)

اس معلوماتی ویبنار کا ایک وڈیو 10 زبانوں میں تحریری ترجمے کے ساتھ پیرنٹ یونیورسٹی پر بھی دستیاب ہوگا: parentu.schools.nyc

## عارضی رہائش گاہوں میں رہنے والے طلبا کے لیے معاونتیں

اگر آپکا بچہ بے خانمائی سے متاثر ہوا ہے (معاشی دشواریوں کے باعث ایک شیلٹر میں رہ رہے ہیں یا کوئی دیگر عارضی رہائشی صورتِ حال ہے)، آپکے اسکول کے ذریعے وسائل دستیاب ہیں جو آپکے خاندان کی اور آپکے بچے کی تعلیمی پیشرفت کی اعانت میں مدد کرسکتے ہیں۔

ہر اسکول ضلع کا ایک **عارضی رہائش گاہوں میں رہنے والے طلبا (STH) کا علاقائی منتظم** ہے جو سوالوں کے جواب دے سکتا ہے اور آپکو محکمئہ تعلیم اور دیگر شہری ادارے وسائل سے رابطہ کرا سکتا ہے جو بلا لاگت مفادات فراہم کرنے کے لیے تشکیل دیے گئے ہیں۔ اس میں اسکول آنے جانے کے لیے ذرائع نقل وحمل، اندراج اور اسکول منتقلی میں مدد، اور پروگراموں اور خاص مواقعوں تک رسائی شامل ہے۔ STH علاقائی منتظمین 300 سے زائد اسکول اور پناہ گاہ میں قائم عملے کے ساتھ براہِ راست کام کرتے ہیں، بشمول سماجی کارکنان، جو بے خانمائی سے متاثرہ خاندانوں کی یگانہ ضروریات اور تقویتوں کو سمجھنے کے لیے خاص تربیت یافتہ ہیں۔

اسکے علاوہ، ہر اسکول کا ایک وقف شدہ **اسکول میں قائم STH رابطہ کار** ہے، جو یہ یقینی بناسکتا ہے کہ بے خانمائی سے متاثرہ طلبا اور خاندانوں کا معلومات، وسائل اور مفادات سے رابطہ کیا جائے۔

براہِ مہربانی مدد کے لیے اپنے اسکول کے رہنما مشیر، سماجی کارکن، یا پرنسپل سے رابطہ کریں۔ schools.nyc.gov/sth پر مزید جانیں۔